روزنامہ
(ٹیلی فون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ 23 دسمبر 2009ء 5 محرم 1431 ہجری 23 فتح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 288

صلح کرانے کی پیشگوئی

حضرت ابوبکرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو حسن بن علیؓ کے متعلق یہ کہتے ہوئے سنا ہے۔

میرا یہ بیٹا سردار ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح کروائے گا۔

(صحیح بخاری کتاب الصلح باب قول النبی للحسن حدیث نمبر2505)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت امام حسینؓ کی شہادت

امام حسینؓ کو دیکھو کہ ان پر کیسی کیسی تکلیفیں آئیں۔ آخری وقت میں جوان کو ابتلاء آیا تھا کتنا خوفناک ہے لکھا ہے کہ اس وقت ان کی عمر ستاون برس کی تھی اور کچھ آدمی ان کے ساتھ تھے۔ جب سولہ یا سترہ آدمی ان کے مارے گئے اور ہر طرح کی گھبراہٹ اور لاچاری کا سامنا ہوا تو پھر ان پر پانی کا پینا بند کر دیا گیا۔ اور ایسا اندھیر مچایا گیا کہ عورتوں اور بچوں پر بھی حملے کئے گئے اور لوگ بول اٹھے کہ اس وقت عربوں کی حمیت اور غیرت ذرا بھی باقی نہیں رہی۔ اب دیکھو کہ عورتوں اور بچوں تک بھی ان کے قتل کئے گئے اور یہ سب کچھ درجہ دینے کے لئے تھا۔

(ملفوظات جلد 5 صفحہ 336)

حضرت امام حسینؓ و حسنؓ ائمۃ الہدیٰ

حضرت امام حسین اور حسن رضی اللہ عنہما خدا کے برگزیدہ اور صاحب کمال اور صاحب عفت اور عصمت اور ائمۃ الہدیٰ تھے اور وہ بلاشبہ دونوں معنوں کے رو سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آل تھے۔

(تریاق القلوب۔ روحانی خزائن جلد 15 صفحہ 364-365)

حضرت امام حسنؓ اور حضرت حسینؓ کے ثناخواں

ہم تو دونوں کے ثناخواں ہیں۔ اصلی بات یہ ہے کہ ہر شخص کے جدا جدا قویٰ معلوم ہوتے ہیں۔ حضرت امام حسنؓ نے پسند نہ کیا کہ مسلمانوں میں خانہ جنگی بڑھے اور خون ہوں۔ انہوں نے امن پسندی کو مدنظر رکھا اور حضرت امام حسینؓ نے پسند نہ کیا کہ فاسق فاجر کے ہاتھ پر بیعت کروں کیونکہ اس سے دین میں خرابی ہوتی ہے۔ دونوں کی نیت نیک تھی۔ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ۔

(ملفوظات جلد 4 صفحہ 579-580)

مستحق طلبہ کی امداد

جماعت میں بہت سے ایسے افراد ہیں جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلبہ کے لئے صدر انجمن احمدیہ میں ایک شعبہ ''امداد طلبہ'' کے نام سے قائم ہے۔

یہ شعبہ مخیّر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔ اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء وطالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس
3۔ درسی کتب کی فراہمی
4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات
5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1۔ پرائمری و سیکنڈری -/6000 سے -/8000 روپے تک سالانہ
2۔ کالج لیول -/12000 سے -/15000 روپے تک سالانہ
3۔ بی ایس سی۔ ایم ایس سی و دیگر پروفیشنل ادارہ جات -/1,00,000 روپے تک

سینکڑوں طلبہ کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے لیکن اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے۔ جس کے لئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے حلقہ احباب میں بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ اس شعبہ کے لئے دل کھول کر حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بے انتہا برکت ڈالے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد ''امداد طلبہ'' میں بھجوائے جاسکتے ہیں۔

(نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم)

مکرم زکریا ورک صاحب

جرمنی میں عبدالسلام میموریل میٹنگ کا انعقاد

دنیائے سائنس کے مایہ ناز سپوت پروفیسر عبدالسلام کو آج سے تیس سال قبل 1979ء میں نوبیل انعام سے نوازا گیا تھا۔ اس ضمن میں ایک میموریل میٹنگ جرمنی کے شہر ہینز ہائم میں 29/اکتوبر 2009ء کو بیت بشیر میں منعقد ہوئی۔ اس اجلاس کے مہمان خصوصی پروفیسر عبدالسلام کے شاگرد رشید، امپیریل کالج کے پروفیسر مائیکل ڈف اور ڈاکٹر سلام کی سوانح پر 2008ء میں لکھی جانیوالی تازہ کتاب کاسمک اینگر Cosmic Anger کے مصنف گورڈن فریز تھے۔ اس اجلاس کا عنوان نظریہ یکجائی کی جانب سنگ میل The Quest for Ultimate Theory, a milestone on the way to unification of all forces تھا۔

یادگاری اجلاس کو دوحصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔

(1) نمائش (2) لیکچرز۔

نمائش میں متعدد تصاویر، ڈاکٹر سلام کے ڈپلوماز کی نقلیں، ان کے ایوارڈز، ان کی تصانیف کردہ کتابیں، ان کے بارہ میں لکھی گئی کتابیں، ان کو ملنے والے میڈلز کی کاپیاں، دیوار پر نصب کیا جانیوالا بینر جس پر لکھا تھا: Scientific thought is a common heritage of mankind، شامل تھے۔ نمائش کے لئے بیت بشیر میں عورتوں کے ہال کو استعمال کیا گیا تھا۔ ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کے خاندان کے افراد نے اس ضمن میں بہت تعاون کیا اور نمائش کیلئے تصاویر، ویڈیوز، کتابیں اور نوٹ بکس بھجوائی تھیں۔ اٹلی کے ادارہ انٹرنیشنل سینٹر فار تھیوریٹیکل فزکس نے ایک سی ڈی بھجوائی جس میں ڈاکٹر صاحب کی 90 کے قریب تصاویر تھیں۔ اسی طرح امپیریل کالج لندن نے بھی بہت ساری تصاویر، اخباروں کے تراشے اور ڈاکٹر سلام کے سائنسی مقالوں کی کاپیاں بھجوائیں۔ امپیریل کالج کے پروفیسر ٹام کبل اور پروفیسر مائیکل ڈف نے بھی تصاویر بھجوائیں۔ اس کے علاوہ قائداعظم یونیورسٹی کے پروفیسر ہود بھائی، سٹین فورڈ کے پروفیسر جوگیش پتی، سرن جینوا کے صحافی گورڈن فریز اور کینیڈا سے خاکسار نے بھی تصاویر، سائنسی مقالے اور اخبارات (جنگ، ڈان) کے تراشے بھجوائے تھے۔ اس نمائش کے انتظام میں قریب چار ماہ کا عرصہ لگا تھا۔

لیکچرز کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ اس حصہ میں ماڈریٹر کے فرائض مکرم بلال اسلم (طالب علم ہائیڈل برگ یونیورسٹی) نے سرانجام دئے۔ اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ بعدہٗ ان آیات کریمہ کا ترجمہ پیش کیا گیا۔ اس کے بعد لیکچرز شروع ہوئے۔ فرانس میں مقیم سائنس جرنلسٹ گورڈن فریز نے ڈاکٹر سلام کی زندگی پر لیکچر دیا، جبکہ ڈاکٹر سلام کے سائنسی کارناموں پر ہمبرگ کے سائنسدان ڈاکٹر ساشا ایشبورن Dr. Sascha Eschborn نے لیکچر دیا۔ اس کے بعد ڈاکٹر نعیم طاہر (ڈارم سٹاٹ کے سینئر سائنسدان)، ڈاکٹر عبدالسلام مرحوم کے بھائی چوہدری محمد عبدالرشید صاحب (لندن) اور آپ کے بھتیجے پروفیسر احمد جمال ماجد (وی آنا) نے تقاریر کیں۔ ازاں بعد امپیریل کالج کے پروفیسر اور ڈاکٹر عبدالسلام کے شاگرد رشید مائیکل ڈف نے دلچسپ تقریر کی۔ جو احباب اس تقریب باسعید میں شرکت نہ کر سکے تھے انہوں نے پیغامات بھجوائے تھے چنانچہ پروفیسر ٹام کبل اور پروفیسر پرویز ہود بھائی کے پیغامات سنائے گئے۔

پروفیسر ٹام کبل نے اپنے پیغام میں فرمایا:

Abdus Salam was a man of great humanity and generosity who left behind him many devoted friends and colleagues, for whom he was a true inspiration. He is sadly missed, but his legacy lives on.

ترجمہ: عبدالسلام ایک ایسی شخصیت تھے جو خلوق خدا پر شفیق، مہربان اور فراخدل تھی۔ آپ نے اپنے پیچھے بہت سے پُرخلوص دوست اور ساتھی چھوڑے ہیں، جن کے لئے آپ کا وجود تخلیقی کاموں کی تحریک تھا۔ آپ کو بہت یاد کیا جائے گا لیکن آپ کے کارہائے نمایاں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔

بوسٹن یونیورسٹی کے نوبیل انعام یافتہ پروفیسر شیلڈن گلاشو نے ایک مضمون بھجوایا تھا جو انہوں نے 1997ء میں پروفیسر عبدالسلام کی وفات کے بعد لکھا تھا۔ اس کا جرمن ترجمہ واسم غفار نے کیا تھا۔ پروفیسر جوگیش پتی کے مضمون کا ترجمہ نوید حمید نے کیا تھا۔ اس کے علاوہ درج ذیل افراد نے تہنیتی پیغامات بھجوائے تھے۔

پروفیسر لوئیس سلام (آکسفورڈ)، ڈاکٹر عزیزہ رحمٰن (ڈاکٹر سلام کی صاحبزادی، کیلی فورنیا)، احمد سلام، عمر سلام، خاکسار (اردو میں ڈاکٹر سلام پر تین کتابوں کا مؤلف)، پروفیسر سری نواسن (ڈائریکٹر آئی سی ٹی پی اٹلی)، جیک سٹائن برگر (نوبیل لارئیٹ، سرن میں طبیعات دان)، گیبرئیل وینے زیانو (سرن کا سائنسدان اور سٹرنگ تھیوری کا خالق)۔ بعد ازاں حاضرین کو تین منٹ کا ایک ویڈیو دکھلایا گیا جس میں ڈاکٹر سلام نے اپنی تھیوری کی وضاحت کی تھی اور ان کو نوبیل انعام لیتے ہوئے دکھایا گیا تھا۔ تقریب میں موجود مہمانوں میں کئی ایک نامور سائنسدان، پروفیسرز، طالبعلم، سیاست دان، صحافی اور دیگر افراد موجود تھے۔ پریس کی طرف سے ایم ٹی اے نے اس پروگرام کو ریکارڈ کیا نیز جنگ اخبار کا نمائندہ بھی موجود تھا۔ جرمن اخبار Bergerstrasser Anzeiger کے نمائندہ نے بھی اس اجلاس کی رپورٹنگ کی۔

آخر پر حاضرین کو تحائف دیئے گئے اور اس کے بعد تمام مہمانوں نے عشائیہ میں شرکت کی۔ ایم ٹی اے نے معزز مہمانوں میں سے کئی ایک کا انٹرویو لیا جس کے لئے ترجمہ کے فرائض داؤد احمد ناصر نے سرانجام دئے تھے۔ مہمانوں کے تاثرات ریکارڈ کرنے کیلئے گیسٹ بک رکھی گئی تھی جس میں مہمانوں نے اپنے مثبت تاثرات کا اظہار کیا تھا۔

(اس رپورٹ کے لکھنے میں بلال اسلم جرمنی نے موادفراہم کیا تھا، جزاہ اللہ)۔

تقریب تقسیم اسناد وانعامات

دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ

خدا تعالیٰ کے فضل سے مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیراہتمام ادارہ دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ ربوہ کو مورخہ 10 دسمبر 2009ء کو سیمینار ہال ایوان محمود میں بعد نماز عصر سہ پہر 4 بجے اپنی چھٹی تقریب تقسیم اسناد وانعامات منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

تقریب کے مہمان خصوصی مکرم اکبر احمد عدنی صاحب افسر خزانہ صدر انجمن احمدیہ تھے۔ تلاوت قرآن کریم، عہد اور نظم کے بعد مکرم خواجہ سعادت احمد صاحب ڈائریکٹر دارالصناعۃ نے رپورٹ پیش کی اور ادارہ کا تعارف پیش کرتے ہوئے بتایا حضرت مصلح موعود کی ذات بابرکات سے مختلف رنگوں میں علم و معرفت کے چشمے جاری ہوئے۔ دینی علوم کے چشمے بھی آپ نے جاری فرمائے اور دنیاوی علوم کے چشمے بھی پھوٹ نکلنے کا موجب بھی آپ ہی کی ذات گرامی ہے۔ آپ نے اس ضمن میں جو تعلیمی ادارے قائم فرمائے اور انہیں ترقی دینے میں جماعت کی جس طرح راہنمائی فرمائی، ادارہ دارالصناعۃ کا قیام بھی اس کی ایک کڑی ہے۔

آج کے ترقی یافتہ دور میں جبکہ بیروزگاری دن بدن بڑھتی جارہی ہے کسی بھی ملک میں تمام تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لئے ملازمتیں دینا ناممکن ہوتا ہے مگر ہنر مند نوجوان اپنے وسائل کے مطابق کچھ نہ کچھ کرنے کی ہمت رکھتا ہے۔ شعبہ ہائے زندگی کے بیشمار کام ہیں جن میں الیکٹریشنوں، پلمبروں، ویلڈروں اور کارپینٹروں کی ضرورت بڑھتی جارہی ہے اور بڑھتی رہے گی۔

اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان ہے کہ سیدنا حضرت مصلح موعود نے 1934ء میں قادیان میں نوجوانوں کو ہنر سکھانے اور انہیں مفید شہری بنانے کیلئے جس ادارہ کی بنیاد رکھی تھی۔ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کو از سر نو اس کے آغاز کی توفیق ملی۔ ربوہ میں بے روزگار خدام کو ہنر سکھانے کیلئے کسی مستند ادارے کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی جس کی سفارشات مرکزی مجلس شوریٰ نے بھی سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی خدمت میں پیش کی تھیں۔ چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز (جب آپ ناظر اعلیٰ وامیر مقامی تھے) کی خواہش پر مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کو اس ادارے کے قیام کی توفیق ملی۔

اس ادارے کی منظوری سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے عطا فرمائی اور از راہ شفقت اس ادارے کا نام دارالصناعۃ تجویز فرمایا۔ ربوہ میں 15 فروری 2004ء سے باقاعدہ آٹو مکینک کی کلاس شروع ہوئی جبکہ مئی 2004ء سے آٹو الیکٹریشن، ککنگ اور کارپینٹر کی کلاس کا اجراء ہوا۔

دارالصناعۃ میں اب تک 990 طلباء داخلہ لے چکے ہیں جبکہ پاس آؤٹ ہونے والے طلباء کی تعداد 746 ہے۔ اس ادارہ سے پاس آؤٹ ہونے والے طلباء میں سے بہت سے طلباء ایسے ہیں جو خدا تعالیٰ کے فضل سے مختلف شعبہ جات میں نمایاں خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ادارہ ہذا میں جو ٹریڈز سکھائے جارہے ہیں ان کی معاشرے میں بہت مانگ ہے نیز آمد کا معقول ذریعہ بھی ہیں۔ اس امر کے پیش نظر اس ادارے میں آجکل آٹو مکینک، ریفریجریشن وایئر کنڈیشننگ، ووڈ ورک، آٹو الیکٹریشن، جنرل الیکٹریشن اور پلمبنگ کی کلاسز جاری ہیں۔ ڈرائیونگ اور کمپیوٹر کلاسز ایوان محمود میں جاری ہیں۔

رپورٹ کے بعد مکرم مہمان خصوصی نے مختصر خطاب کیا اور مختلف ٹریڈز میں سیشن کے آخر پر ہونے والے فائنل امتحان میں نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء میں اسناد و انعامات تقسیم کئے۔ مکرم خواجہ سعادت احمد صاحب نے مہمان خصوصی و دیگر مہمانان اور تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا جس کے بعد مکرم مہمان خصوصی نے اختتامی دعا کروائی۔ دعا کے بعد تمام مہمانان اور حاضرین کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔ (رپورٹ: ایم۔ اے۔ رشید)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) | قیمت 5 روپے

گلی کی صفائی

گلیوں میں کوئی گند نظر نہیں آنا چاہئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

صفائی نصف ایمان ہے۔لیکن اس کی طرف اتنی توجہ نہیں دی جاتی جتنی توجہ کی یہ مستحق ہے۔اس مضمون کا مقصد احباب جماعت کو صفائی کی طرف توجہ دلانا ہے۔خاص طور پر گھر سے باہر سڑکوں ،رستوں کی صفائی کرنا اور تعمیرات کے دوران ملبہ کو بروقت اٹھانا اور تعمیراتی سامان کو اپنے گھروں کے اندر رکھنا۔تا کہ پورا ماحول اس سے متاثر نہ ہو اور ہمارا شہر صاف نظر آئے۔ صفائی کے حوالے سے ہماری تعلیم اور کچھ ہدایات پیش خدمت ہیں ان پر خود بھی عمل کریں اور اپنے گھروں میں بھی ان پر عمل کروائیں۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق دے۔آمین

سید محمود احمد
صدر تزئین ربوہ کمیٹی

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

اور جہاں تک تیرے کپڑوں (یعنی قریبی ساتھیوں) کا تعلق ہے تُو (انہیں) بہت پاک کر۔اور جہاں تک ناپاکی کا تعلق ہے تو اس سے کلیّۃً الگ رہ۔

(المدثر:6,5)

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''اپنے کپڑے صاف رکھو، بدن کو اور گھر کو اور کوچہ کو اور ہر ایک جگہ کو جہاں تمہاری نشست ہو پلیدی اور میل کچیل اور کثافت سے بچاؤ یعنی غسل کرتے رہو اور گھروں کو صاف رکھنے کی عادت پکڑو''

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔صفحہ 32 بحوالہ تفسیر جلد نمبر 4 صفحہ 496)

حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین لعنتی امور سے بچنا چاہئے یعنی عوامی گزرگاہ پر گندگی پھیلانا، سڑکوں پر گندگی پھیلانا اور سایہ دار مقامات پر گند پھیلانا۔

(سنن ابوداؤد کتاب الطہارۃ، حدیث نمبر 26)

حضرت یحییٰ بن حبانؓ بیان کرتے ہیں حضرت معاذ بن جبلؓ ایک آدمی کے ہمراہ کسی شخص کی عیادت کے لئے گئے۔رستہ میں حضرت معاذؓ جو بھی ایذاء رساں چیز دیکھتے اسے پکڑ کر راستہ سے ہٹا دیتے۔اس پر وہ شخص (جو آپ کے ساتھ تھا) معاذؓ سے آگے نکل گیا اور جب اسے کوئی تکلیف دہ چیز نظر آتی تو اسے راستہ سے دور کر دیتا۔حضرت معاذؓ نے اس سے پوچھا تجھے ایسا کرنے پر کس نے اکسایا ہے۔تو اس نے جواب دیا میں نے ابھی ابھی آپ کو ایسا کرتے دیکھا ہے۔حضرت معاذؓ نے اسے بتایا کہ جو راستہ سے ایذاء رساں چیز دور کرتا ہے اس کے بدلہ میں اس کی نیکی لکھی جاتی ہے اور جس کیلئے نیکی لکھ دی جاتی ہے وہ جنت میں جائے گا۔

(اتحاف الخیرۃ المہرہ، باب نمبر 25 حدیث نمبر 1270)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:

''محلوں میں بڑا گند ہوتا ہے غیر لوگ جب دیکھتے ہوں گے تو باہر جا کر کیا کہتے ہوں گے کہ یہ احمدی تقریریں کرتے وقت تو کہتے ہیں قرآن مجید کا حکم ہے صفائی کرو اور گندگی سے بچو لیکن ہم نے ان کے محلے دیکھے ہیں بدبُو کے مارے ان میں سے گزرا نہیں جاتا۔متعفن نالیاں ہیں، راستوں پر گند پڑا رہتا ہے اور کوئی صفائی نہیں کرتا۔میں نے توجہ دلائی تھی کہ محلے والے مل کر اس گند کو دُور کریں اور گڑھے وغیرہ پُر کر کے جگہیں ہموار کر دیں۔آخر لوگ روٹیوں کی دعوت کھانے کے لئے جاتے ہیں یا نہیں؟ پھر کیا وجہ ہے کہ اس کام کے لئے لوگوں کو دعوت دی جائے اور وہ نہ آئیں۔ہوسکتا ہے کہ ایک دن دارالرحمت والے سارے شہر کی دعوت کر دیں اور کہیں آؤ سب مل کر ہمارے محلّہ کی صفائی کرو، پھر کسی دن دارالفضل والے سب شہر کو بلالیں کہ آؤ ہمارے محلّہ کی صفائی کر دو۔آخر کیا وجہ ہے کہ روٹی کی دعوت میں تو ہم جا سکتے ہیں لیکن کام کی دعوت میں ہم نہیں جا سکتے۔''

(فرمودہ 24رجنوری 1936ء از خطبات محمود جلد 17)

پھر فرمایا''اگر ہر محلّہ میں لوگ اپنے اپنے دروازوں کے آگے گند جمع نہ ہونے دیں تو اس طرح بھی بہت حد تک صفائی ہوسکتی ہے۔ان امور کی طرف توجہ نہ کرنے کے نتیجہ میں کتنی بیماریاں ہیں جو آتی ہیں۔ہیضہ، طاعون، ٹائیفائڈ وغیرہ سب بیماریاں گندگی سے ترقی پاتی ہیں اور غلاظت کا نتیجہ ہوتی ہیں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی کئی دفعہ صحابہ سے اس قسم کا کام لے لیا کرتے۔ایک دفعہ آپ نے حکم دیا کہ آوارہ کُتّے مارو چنانچہ صحابہ کُتّے مارتے رہے۔پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو یہاں تک فرمایا ہے کہ اگر ایک کانٹا بھی راستہ سے ہٹا دیا جائے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ثواب ملتا ہے۔جب راستہ سے کانٹا ہٹانے والے کا ثواب ہے تو یہاں جو ڈھیروں ڈھیر غلاظت پڑی ہوتی ہے کیا اسے دور کرنے کا ثواب نہیں ہوگا۔''

(خطبات محمود جلد 15 خطبات 1935ء صفحہ 628)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

''گھر کا جو ماتھا ہے وہ صاف ہونا چاہئے جس طرح ہمارے چہرہ پر نجاست لگی ہوئی ہو تو دیکھنے والے اسے پسند نہیں کریں گے اور نہ آپ اس کو پسند کریں گے اسی طرح آپ کے گھر کا جو فرنٹ ہے اس کا جو چہرہ (ماتھا) ہے وہ بھی آپ ہی کا چہرہ ہے اسے صاف رکھنا چاہئے بعض لوگوں کو عادت ہوتی ہے کہ وہ گھر کے اندرونے حصہ کو صاف کرتے ہیں تو کُوڑا کرکٹ عین دروازہ کے سامنے پھینک دیتے ہیں کُوڑا کرکٹ پھینکنے کے لئے اگر کوئی انتظام نہیں تو وہ ہونا چاہئے اور اگر ہے تو گند اسی جگہ پھینکنا چاہئے جہاں ایسا کرنے کے لئے انتظام کیا گیا ہے اور اگر پہلے سے کوئی انتظام موجود نہیں تو جماعتی نظام کو یا دوسرے جو نظام ہیں ان کو اس طرف متوجہ کرنا چاہئے اور کہنا چاہئے کہ ایسا انتظام کرو کہ ہماری گلیوں میں گندگی نہ ہو۔پھر گلیوں کی نالیاں بھی صاف رکھنی چاہئیں پھر صرف ظاہری پاکیزگی ہی اصل چیز نہیں بلکہ یہ تو ایک علامت ہے ایک ذریعہ ہے اندرونی پاکیزگی کا اس لئے دل کے خیالات پاک ہونے چاہئیں آنکھیں پاک ہونی چاہئیں...... زبان پاک ہونی چاہئے...... زبان اور مکان کے ماحول کی پاکیزگی کی ذمہ داری مقامی نظام پر ہے......اور جو اپنی عمر کے لحاظ سے خدام ہیں ان کے نفوس کی اور ان کے جسموں کی ظاہری صفائی اور پاکیزگی اور محلے کی گلیوں کی صفائی اور پاکیزگی کی ذمہ داری خدام الاحمدیہ پر ہے اور گھروں کے اندر کی صفائی اور پاکیزگی کی ذمہ داری اس شخص پر ہے جس کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس گھر کا راعی قرار دیا ہے یعنی صاحب خانہ کی۔اگر وہ اپنی اس ذمہ داری کو نہیں نبھاتا تو وہ نظام کے سامنے جواب دہ ہوگا...... سڑکوں کی صفائی کی ذمہ داری...... خدام الاحمدیہ پر ہے گھروں کے اندر کی جو صفائی ہے وہ مالک خانہ کی ذمہ داری ہے ربوہ میں رہنے والا ہر شخص اس بات کا ذمہ دار ہے کہ وہ اپنے ماحول کو گندہ نہ ہونے دے...... بازاروں کی ناپاکی جو ہے وہ بھی دور ہونی چاہئے بعض دکاندار کھانے کی بعض ایسی چیزیں بیچتے ہیں جنہیں...... کھانے والے ان کی دوکانوں پر ہی کھاتے ہیں اور چھلکوں کو وہیں پھنک دیتے ہیں......غرض شہر کو صاف رکھا جائے تا...... جو لوگ ربوہ آئیں وہ ظاہری طور پر بھی ایک نہایت پاکیزہ شہر میں داخل ہو رہے ہوں پاکیزہ دل شہر میں بسنے والے ہوں پاکیزہ زبانیں اس فضا میں باتیں کرنے والی ہوں پاک آنکھیں اس ظاہری روشنی سے فائدہ اٹھا رہی ہوں روحانی آنکھیں پاکیزگی پھیلانے والی ہوں......پس ساری جماعت ایک ہو کر اس مقصد کے حصول کے لئے ہر وقت کوشاں رہے جس مقصد کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے اس جماعت کو قائم کیا ہے''۔

(خطبہ جمعہ یکم نومبر 1968ء خطبات ناصر جلد دوم صفحہ 367 تا 378)

پھر فرمایا:

''جمعہ کو چھٹی ہوتی ہے۔پس ربوہ کے محلے یہ انتظام کریں کہ کم ازکم ہر جمعہ کو (اس کے علاوہ اور دنوں میں بھی عصر کے بعد ہوسکتا ہے) محلوں کی صفائی کی طرف خصوصی توجہ دیں اور ''مانج کوچ'' کر اسے بالکل صاف ستھرا شہر بنادیں۔یہاں کوئی گند اور کوئی ایذا سڑکوں پر نظر نہیں آنی چاہئے۔...... بہرحال صفائی ہونی چاہئے اور سڑکوں پر کوئی گند نظر نہیں آنا چاہئے۔گلیوں میں کوئی گند نظر نہیں آنا چاہئے۔نالیوں میں کوئی گند نظر نہیں آنا چاہئے''۔

(خطبہ جمعہ 25رنومبر 1977 از خطبات ناصر جلد ہفتم ص276)

حدیث میں آتا ہے کہ: حکمت اور دانائی کی بات مومن کا گمشدہ سرمایہ ہے۔جہاں کہیں وہ اس کو پاتا ہے وہ اس کو اپنانے اور قبول کرنے کے لئے تیار ہوتا ہے۔

(ابن ماجہ ابواب الزہد باب الحکمۃ)

دنیا کے کئی ممالک ایسے ہیں جہاں باہر کی صفائی کے حوالے سے بڑے سخت قوانین ہیں۔یہ حکمت اور دانائی تو ہمیں آنحضرت ﷺ نے سکھائی ہے مگر آج اس پر ہم سے زیادہ باہر کے لوگ عمل کر رہے ہیں۔آج ہمیں اپنے گم شدہ سرمایہ کو واپس لینا ہے۔

سنگاپور میں یہ قانون ہے کہ اگر کوئی سڑک یا رستے میں تھوکے یا چیونگم چبا کر پھینک دے تو اس پر کئی سو ڈالر جرمانہ کرتے ہیں۔دوسری دفعہ جرمانہ دوگنا کر دیتے ہیں اور تیسری بار جرمانہ کے ساتھ سزا بھی دیتے ہیں۔

دبئ میں اگر کوئی گھر کی تعمیر کے دوران ملبہ یا تعمیراتی سامان سڑک پر پھینک دے تو اسے پانچ ہزار درہم جرمانہ کیا جاتا ہے۔سڑک پر چلتے ہوئے کسی قسم کا گند پھینکنے پر 500 درہم جرمانہ ہے۔ڈسٹ بن سے باہر گند پھنکنے پر 5000 درہم جرمانہ ہے جو ایک لاکھ تیرہ ہزار روپیہ بنتا ہے۔وہاں ٹینکر گندا پانی نکال کر مقررہ جگہ پر پھینکتا ہے۔اس جگہ لمبی لائنیں لگی ہوتی ہیں اور بعض اوقات 24 گھنٹہ بعد باری آتی ہے۔اگر کوئی ٹینکر مقررہ جگہ کے علاوہ کہیں اور گند پھینک دے تو اسے ایک لاکھ درہم جرمانہ ہوتا ہے۔یعنی 22 لاکھ روپے جرمانہ ہے۔اور ایک ماہ کے لئے ٹینکر بند کر دیا جاتا ہے۔اگر کسی کا سیپٹک ٹینک لیک ہو جائے تو ایک ہزار سے پانچ ہزار درہم تک جرمانہ ہوتا ہے۔

یہ تمام تفصیل بتانے کا مقصد یہ ہے اب ہم نے فیصلہ کرنا ہے کہ کیا ہم نے قانون کے ڈر سے اور جرمانے کے خوف سے صفائی کو اختیار کرنا ہے یا آنحضرت ﷺ کی بیان کردہ نرم اور خوبصورت تعلیم پر عمل کرنا ہے جس میں رستے سے کانٹا ہٹانے والے کو جنت کی بشارت دی گئی۔بلکہ اسے اس عمل پر بخش دیا گیا۔

ہمیں دی گئی تعلیم اور ہمارا نظام باہر کے نظام سے بہتر ہے۔ہم نے عمل سے ثابت کرنا ہے کہ ہمارا صفائی کا معیار باہر کے ملکوں سے اعلیٰ اور بہترین ہے۔اس سلسلہ میں درج ذیل امور کا ہمیں خیال رکھنا ہے۔

1۔ہم جائزہ لیں کہ ہمارے گھر کے آگے نالی خراب تو نہیں، اس کا پانی اور نکاس صحیح ہے، اس میں سے بدبو تو نہیں آرہی، کسی آنے والے مہمان کے لئے تکلیف کا باعث تو نہیں۔

2۔کسی صورت گھر کے آگے ملبہ اکٹھا نہ کریں اور جب ملبہ اٹھوائیں تو ٹرالی والے کی نگرانی کریں کہ وہ ملبہ کہاں پھینکتا ہے۔ بعض اوقات وہ ملبہ تو اٹھا لیا جاتا ہے مگر کسی سڑک کے کنارے پھینک دیا جاتا ہے۔ آپ کو کوئی دقت ہو تو تزئین ربوہ کمیٹی سے رابطہ کریں وہ آپ کو بتا دیں گے کہ یہ ملبہ فلاں جگہ پر پھینکوا دیں۔

3۔تعمیر کے لئے ریت بجری اینٹ وغیرہ بھی سڑکوں پر مت رکھوائیں۔ اول تو سامان ساتھ ساتھ منگوائیں جو ایک دو دن میں لگ جائے اور وہ بھی اپنے گھر کے اندر ہی رکھیں۔ بغیر اجازت گھر کے باہر سامان نہ رکھوائیں۔ اگر کوئی مجبوری ہو تو باقاعدہ اجازت حاصل کریں۔ اسی طرح بعض اوقات سڑک پر سیمنٹ ریت مکس کرنے لگ جاتے ہیں جس سے سڑک جو قومی امانت ہے تباہ ہو جاتی ہے۔ اس سے بھی گریز کرنا چاہئے۔

4۔ گھروں کے ریمپ ایسے نہ بنائے جائیں جو رستے میں رکاوٹ کا باعث بنیں۔ ریمپ بنانے کے لئے اصول یاد رکھیں۔ ریمپ کی ڈھلوان سڑک کے کنارے لگے پودوں سے آگے نہیں جانی چاہئے۔ اس سلسلہ میں صدر صاحب عمومی کو اصولی ہدایات بھجوائی جا رہی ہیں۔ آپ وہاں سے راہنمائی لے سکتے ہیں نیز صدران محلّہ اس بات کی نگرانی کریں کہ کوئی بھی نیا ریمپ غلط نہ بنے اور جو بن چکے ہیں انہیں ٹھیک کروایا جائے۔

5۔ پلاسٹک کے لفافے جو ماحول کو آلودہ کرتے ہیں ان کا استعمال کم سے کم کیا جائے اس حوالے سے ایک جامع پروگرام بنایا جا رہا ہے اس میں آپ سے تعاون کی درخواست ہے۔

وہ شاپر جو سڑکوں پر پڑے ہیں اگر ہمارے بچے اطفال یہ عہد کر لیں کہ ہم اپنے محلّہ کی سڑک اور کسی میدان میں شاپر دیکھیں گے تو اسے اٹھا کے ایک جگہ پر جمع کر لیں گے وہاں سے ایک نظام کے تحت ان شاپرز کو تلف کرنے کا کام کروا دیا جائے گا۔ اطفال اس کام کو بخوبی کر سکتے ہیں۔ شاپرز کو خود سے آگ نہ لگائیں اس سے بھی ماحول میں آلودگی بڑھتی ہے۔ آپ شاپر اکٹھے کر کے تزئین کمیٹی کے حوالے کر دیں وہ اس کے تلف کرنے کا انتظام کر لیں گے۔ انشاءاللہ

6۔چین میں ایک جگہ ہے جہاں سب اپنے گھر کے باہر صفائی کرتے ہیں اور سڑکیں بھی صاف کرتے ہیں اگر ہم بھی یہ ارادہ کریں کہ ہر گھر اپنے سامنے کے حصہ کی صفائی کرے گا، نہ صرف اپنی بلکہ اگر سامنے والے گھر یا ہمسایہ میں کوئی صفائی کرنے والا نہیں ہے تو ان کے گھر کے آگے بھی صفائی کریں گے تو اس طرح ایک خوبصورت صاف ستھرا شہر آنے والے مہمانوں کو غریب دلہن کی طرح سجا ہوا نظر آئے گا۔

7۔اگر کہیں سڑک خراب ہے تو اس پر خود سے مٹی یا ملبہ نہ پھینکوائیں۔ اس سے سڑک بدنما بھی لگتی ہے اور بارش میں مزید خراب ہو جاتی ہے۔

8۔ نالیاں بناتے وقت ان کا لیول ایسا رکھیں جن میں سے پانی گذر سکے۔ پانی کسی کے رستہ کی روک نہ بنے۔ اسی طرح گند کو مقررہ جگہ پر ڈسٹ بن کے اندر پھینکوائیں اور اگر کوئی باہر پھینکے تو اسے پیار سے سمجھا دیں کہ ڈسٹ بن کے اندر گند پھینکو۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

”اگر سڑک پر جھاڑیاں یا پتھر اور کوئی گندی چیز ہو بلکہ آپ کا عمل یہ تھا کہ اگر کوئی گندی چیز ہوتی تو آپؐ اسے خود اٹھا کر ایک طرف کر دیتے اور فرماتے کہ جو شخص سڑکوں کی صفائی کا خیال رکھتا ہے خدا اس پر خوش ہوتا ہے اور اسے ثواب عطا کرتا ہے۔

(مسلم کتاب البر والصلۃ)

......اسی طرح بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ سڑک یا فٹ پاتھ پر تھوک دیتے ہیں جو بڑا کراہت والا منظر ہوتا ہے تو اگر ایسی کوئی ضرورت ہو بھی تو ایسے لوگوں کو چاہئے کہ ایک طرف ہو کر کنارے پر ایسی جگہ تھوکیں جہاں کسی کی کبھی نظر نہ پڑے۔ ابو مالک اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پاکیزگی اختیار کرنا نصف ایمان ہے۔

(المعجم الکبیر جلد 3 صفحہ 284)

پاکستان اور تیسری دنیا کے ممالک میں اکثر جہاں گھر کا کُوڑا کرُکٹ اٹھانے کا کوئی باقاعدہ انتظام نہیں ہے، گھر سے باہر گند پھینک دیتے ہیں حالانکہ ماحول کو صاف رکھنا بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا اپنے گھر کو صاف رکھنا۔ ورنہ تو پھر اس گند کو باہر پھینک کر ماحول کو گندا کر رہے ہوں گے اور ماحول میں بیماریاں پیدا کرنے کا باعث بن رہے ہوں گے۔ اس لئے احمدیوں کو خاص طور پر اس طرف توجہ دینی چاہئے۔ کوئی ایسا انتظام کرنا چاہئے کہ گھروں کے باہر گند نظر نہ آئے۔ ربوہ میں، جہاں تقریباً 89 فیصد احمدی آبادی ہے، ایک صاف ستھرا ماحول نظر آنا چاہئے۔ اب ماشاء اللہ...... کافی سبزہ ربوہ میں نظر آتا ہے۔ لیکن اگر شہر کے لوگوں میں یہ حس پیدا نہ ہوئی کہ ہم نے نہ صرف ان پودوں کی حفاظت کرنی ہے بلکہ اردگرد کے ماحول کو بھی صاف رکھنا ہے تو پھر ایک طرف تو سبزہ نظر آ رہا ہوگا اور دوسری طرف کوڑے کے ڈھیروں سے بدبو کے بھبھکے اٹھ رہے ہوں گے۔ اس لئے اہل ربوہ خاص توجہ دیتے ہوئے اپنے گھروں کے سامنے نالیوں کی صفائی کا بھی اہتمام کریں اور گھروں کے ماحول میں بھی کُوڑا کرُکٹ سے جگہ کو صاف کرنے کا بھی انتظام کریں۔ تاکہ کبھی کسی راہ چلنے والے کو اس طرح نہ چلنا پڑے کہ گند سے بچنے کے لئے سنبھال سنبھال کر قدم رکھ رہا ہو اور ناک پر رومال ہو کہ بو آ رہی ہے۔ اب اگر جلسے نہیں ہوتے تو یہ مطلب نہیں کہ ربوہ صاف نہ ہو بلکہ جس طرح حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا تھا کہ دلہن کی طرح سجا کے رکھو۔ یہ سجاوٹ اب مستقل رہنی چاہئے۔ مشاورت کے دنوں میں ربوہ کی بعض سڑکوں کو سجایا گیا تھا...... بہت خوبصورت سجایا گیا لیکن ربوہ کا اب ہر چوک اس طرح سجنا چاہئے تاکہ احساس ہو کہ ہاں ربوہ میں صفائی اور خوبصورتی کی طرف توجہ دی گئی ہے اور ہر گھر کے سامنے صفائی کا ایک اعلیٰ معیار نظر آنا چاہئے۔ اور یہ کام صرف تزئین کمیٹی نہیں کر سکتی بلکہ ہر شہری کو اس طرف توجہ دینی ہوگی“۔

(خطبہ جمعہ 23/اپریل 2004ء بمقام بیت الفتوح، مورڈن لندن)

❁❁❁❁❁

مکرم سید حسین احمد صاحب

دو مربیان سلسلہ کا ذکر خیر

مکرم طارق اسلام صاحب

خوش مزاج، نفیس لباس، ہمدرد شخصیت اور ہمیشہ تعاون کا ہاتھ بڑھانے والے برادرم محمد طارق اسلام مربی سلسلہ کینیڈا میں چند روزہ علالت کے بعد ستمبر 2009ء میں وفات پا گئے۔ آپ نے 1978ء میں جامعہ احمدیہ ربوہ سے شاہد کا امتحان پاس کیا اور میدان عمل میں بہت ہر دلعزیز خادم دین ثابت ہوئے۔ ناصر ہوسٹل جامعہ احمدیہ میں برادرم طارق اسلام صاحب اور چوہدری منیر احمد صاحب مربی سلسلہ امریکہ کے کمروں کے ساتھ خاکسار کا کمرہ تھا۔ بے تکلفانہ دوستی لیکن ادب احترام کے تقاضے موجود رہتے تھے۔ اپنے جونیئر طلباء کا عزت واحترام اور مناسب مشورے دینا آپ کی فطرت ثانیہ تھی۔ خاکسار آپ سے دو سال جونیئر تھا۔

جب آپ کی تعیناتی ککی نو ضلع جھنگ ہوئی۔ آپ نے طلباء جامعہ کے صداقت گروپ کو سیر کی دعوت دی۔ چنانچہ 20 طلباء سائیکل سفر کے ذریعہ چناب ہیڈ تریموں پکنک کے لئے گئے۔ برادرم طارق اسلام نے ہماری بہت مہمان نوازی کی اور مقامی احباب جماعت سے تعارف بھی کرایا۔ 1986ء میں خاکسار ماریشس جانے کی تیاری کر رہا تھا۔ دفتر وکالت تبشیر میں 6 ماہ قیام ہوا۔ تا مختلف دفاتر اور شعبہ جات کا تعارف حاصل ہو اور میدان عمل میں کام کرنے کا سلیقہ آئے۔ ان ایام میں برادرم طارق اسلام دفتر تبشیر میں متعین تھے۔ آپ نے تجویز دی کہ کسی بزرگ شخصیت کی صحبت میں روزانہ کچھ وقت گزارنا چاہئے اور علمی سوالات کے ذریعہ علم میں اضافہ کرنا چاہئے۔ چنانچہ ہم دونوں مکرم سید میر محمود احمد صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ وکیل التعلیم تھے۔ دفتر متصل ہی تھا۔ پہلے تو آپ نے عدیم الفرصتی کا ذکر کیا۔ ہمارے اصرار پر مان گئے اور شرط یہ عائد کی کہ ناغہ نہ ہوگا اور دفتری اوقات کے ختم ہونے سے 20 منٹ قبل دونوں آیا کرو۔ یہ علمی مجلس تقریباً 6 ماہ تک جاری رہی۔

آپ سادہ مزاج، خاموش طبیعت اور باہمت خادم دین تھے۔ اللہ تعالیٰ انہیں غریق رحمت کرے اور ورثاء کو صبر عطا کرے۔ آمین

مکرم مظفر احمد صاحب منصور

ماہ اکتوبر 2009ء میں آپ اچانک اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو گئے۔ آپ نہایت ملنسار، جماعت کے افراد سے تعلق ہمدردی رکھتے اور غیر از جماعت احباب سے بھی وسیع تعلقات رکھتے تھے۔ گوجر خان ضلع راولپنڈی میں آپ کے قیام کے دوران کثرت سے دورہ جات کے وقت خاکسار کی ان سے ملاقات رہتی۔ ہر احمدی خاندان کے بڑوں اور بچوں کے ساتھ گھل مل جاتے اور بے تکلفی کے ماحول اور انداز میں ان کے مسائل حل کرتے۔ آپ ہر حالت میں مصروف خدمت رہے۔ پریشانی اور تکلیف کے تمام حالات کو استقامت اور صبر سے برداشت کیا۔ ہر خدمت کے لئے خود کو پیش کرنے پر ہر دم تیار رہتے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند کرے اور لواحقین کو صبر کی توفیق دے۔ آمین

❁❁❁❁

سچائی پر قائم رہے

حضرت سیٹھ حسن صاحب یادگیری لاکھوں کے کاروبار کے مالک تھے مگر ایک دفعہ ایسا نقصان ہوا کہ بالعموم ایسے صدمہ کو برداشت نہ کر کے تاجر خودکشی کر لیتے ہیں۔ آپ کے خلاف تیس کے قریب مقدمات دائر ہو گئے لوگ کہتے تھے کہ اب ان کا زندہ رہنا مشکل ہے۔ مگر آپ نے ان ایام میں بھی ثابت قدمی اور کامل بشاشت کا نظارہ دکھایا۔ مقدمات میں وکلاء کے اصرار کے باوجود آپ نے جھوٹ بولنے سے انکار کر دیا۔ اور دعاؤں میں لگے رہے۔ اور خدا تعالیٰ نے آپ کو بشارت دی کہ آپ اس وقت تک فوت نہ ہوں گے جب تک کاروبار کی حالت پہلے جیسی نہ ہو جائے۔ چنانچہ خدائی وعدوں کے مطابق حالات آہستہ آہستہ بہتر ہوتے ہو گئے اور بارہ سال کے بعد خوشحالی کا دور لوٹ آیا۔

(رفقائے احمد جلد اول ص 216)

مکرم محمد طارق محمود صاحب

حضرت مسیح موعود کا وطن ثانی

سیالکوٹ تاریخ کے آئینے میں

(قسط اول)

سیالکوٹ پاکستان کے صوبہ پنجاب کا ایک اہم شہر ہے جو دریائے چناب کے کنارے واقع ہے۔ تقریباً 8 سے 10 لاکھ آبادی والا یہ شہر لاہور سے 115 کلومیٹر، گوجرانوالہ سے 68 کلومیٹر اور جموں کشمیر سے 40 کلومیٹر دور ہے اور بین الاقوامی شہرت کا حامل ہے

سیالکوٹ کا حدود اربعہ

سیالکوٹ شمال میں '30°32 عرض بلد اور '31°74 طول بلد اور سطح سمندر سے 256 میٹر بلندی پر واقع ہے۔ اس شہر کی شمالی حد جموں وکشمیر سے ملی ہوئی ہے اور جنوب میں ضلع گوجرانوالہ اور شیخوپورہ واقع ہے۔ مغرب میں دریائے چناب ضلع سیالکوٹ اور ضلع گجرات کے درمیان بہتا ہے۔ مشرق میں ضلع نارووال ہے۔ اس کی حد مشرق اور شمال میں بھارت اور کشمیر سے ملتی ہے۔

ضلع کا کل رقبہ 3015 کلومیٹر ہے اور انڈیا کے ساتھ سرحدی لائن 105 کلومیٹر ہے یہ سطح سمندر سے 800 فٹ کی بلندی پر واقع شہر ہے۔

1991ء سے قبل نارووال اور شکر گڑھ ضلع سیالکوٹ کی تحصیلیں تھیں۔ لیکن 1991ء میں نارووال ضلع بنا دیا گیا۔ جس کی وجہ سے یہ دونوں نارووال کی تحصیلیں ہوگئیں اور ضلع سیالکوٹ کی تحصیلوں میں سیالکوٹ، ڈسکہ، پسرور اور سمبڑیال رہ گئیں۔

سردیوں میں موسم سخت سرد اور گرمیوں میں سخت گرم ہوتا ہے۔ مئی اور جون گرم ترین مہینے ہوتے ہیں۔ سیالکوٹ زیر زمین میٹھے پانی کی وجہ سے ساری دنیا میں مشہور ہے۔

سیالکوٹ تاریخ کے آئینے میں

سیالکوٹ کا نام تاریخی اور صنعتی اعتبار سے بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ پانچ ہزار سالہ قدیم تاریخی شہر آبادی و بربادی کے کئی ادوار دیکھ چکا ہے۔ ہندومت کی مشہور کتاب ''مہا بھارت'' کے مؤلف ویاس جی کے مطابق اس شہر کی بنیاد راجہ سل یا سلا نے رکھی تھی۔ یہ شہر دریائے راوی اور چناب کے درمیانی علاقہ کا نظم ونسق قائم رکھنے کے لئے بنایا گیا تھا اور اس کے دفاع کے لئے ایک دوہری فصیل والا قلعہ بھی بنایا گیا تھا۔ مہا بھارت کے علاوہ بھگوات پران سگندھ پران اور وایو پران نے سیالکوٹ کو شاکل اور نالہ ایک کو آپکا ندی کے طور پر تحریر کیا یہ بات بڑے وثوق کے ساتھ کہی ہے کہ راجہ سل ہی سیالکوٹ کا بانی تھا۔ ہندوؤں کی ایک اور مذہبی کتاب گیان شکتی میں لکھا ہے کہ راجہ سل نے ہی نالہ ایک کے کنارے سیالکوٹ کی بنیاد رکھی تھی۔ اس کتاب کے حوالے سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اس شہر کی بنیاد وہاں رکھی گئی تھی جہاں آج ٹبہ ککے زئیاں امام صاحب، ٹبہ شوالہ، محلّہ دھارووال اور پالا شاہ گیٹ ہیں۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ سیالکوٹ کے بنیادی اور قدیم محلے یہی ہیں۔ 1923ء میں شہر کے مختلف حصوں میں کمیٹی نے بلدیاتی تنصیبات کے سلسلہ میں کھدائی شروع کروائی تو کھدائی کے دوران کئی فرلانگ لمبی زیر زمین فصیل کا پتہ چلا ماہرین آثار قدیمہ کو دہلی اور ٹیکسلا سے منگوایا گیا۔ انہوں نے تحقیق کے بعد یہ فیصلہ دیا کہ یہ پتھر کی فصیل تقریباً تین ہزار سال پرانی ہے۔ یہیں سے اشوک کے زمانے کے سکے اور مہاتما بدھ کے بت بھی ملے۔ بلدیہ کمیٹی نے مہاتما بدھ کے مجسمے ٹوکیو کے عجائب گھر کو خیر سگالی کے طور پر تحفتًا دے دیئے۔

ہندوؤں کی مشہور کتاب مہا پورنیا میں سیالکوٹ کے متعلق لکھا ہے کہ گیانی حام کے چھ لڑکے تھے سب سے بڑے لڑکے کا نام ہند تھا۔ جس نے بھارت کی بنیاد رکھی تھی۔ ہند کے مشہور شہروں میں ایک شہر شلکوٹ (سیالکوٹ) تھا۔ یہ شہر آپکا ندی کے کنارے آباد ہے۔ راجہ بکرماجیت سے ایک ہزار سال قبل اس شہر پر راجہ کلد یو بھانی کی حکومت تھی۔ اس نے اس شہر کو خوب محفوظ اور آباد کیا اور ایک عظیم فصیل بھی تعمیر کروائی۔ ممکن ہے یہ وہی فصیل ہو جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ ایک اور بات واضح کردوں راجہ سل نے جو قلعہ تعمیر کروایا تھا وہ کانلے پارک (موجودہ جناح پارک) کے قریب تھا۔ جس کے کھنڈرات مکمل طور پر ختم ہو چکے ہیں سیالکوٹ کا موجودہ قلعہ راجہ سالباہن نے تقریباً دو ہزار سال قبل تعمیر کروایا تھا جس کی دو بیویاں تھیں۔ ایک کا نام رانی اچھراں اور دوسری کا نام رانی لوناں تھا۔ رانی اچھراں سے راجہ پورن بھگت پیدا ہوا اور رانی لوناں سے راجہ رسالو پیدا۔ لفظ سل کوٹ سے سیالکوٹ راجہ سالباھن کے دور میں معروف ہوا۔

ضلع سیالکوٹ شرح خواندگی کے اعتبار سے بھی نمایاں اہمیت کا حامل ہے۔ اس شہر کا بالائی حصہ جو کوہ ہمالیہ کی سمت ہے بہت زرخیز ہے۔ جنوبی حصہ نسبتاً کم زرخیز ہے۔ سالانہ بارشیں پہاڑیوں کے نزدیک زیادہ اور جو علاقے پہاڑوں سے دور ہیں وہاں بارشیں نسبتاً کم ہوتی ہیں۔ زیادہ تر (جولائی تا ستمبر) خوب بارشیں ہوتی ہیں۔ گندم، چاول، جو، جوار اور گنا خاص فصلیں ہیں۔ سیالکوٹ پاکستان کا ایک انتہائی مشرقی شہر ہے۔ اس سے متصل ایک بہت بڑی فوجی چھاؤنی ہے۔

1842ء کی دوسری سکھ وار کے بعد برطانیہ نے سیالکوٹ شہر اور اس کے گردونواح پر قبضہ کرلیا اور پھر اس نے یہاں ایک گیریژن ہیڈ کوارٹر بنا دیا۔ اس فوجی چھاؤنی کا مقصد شمال مغربی ہندوستان کو روسی جارحیت سے محفوظ رکھنا تھا۔ بعد ازاں یہاں ایک سول انتظامیہ قائم کی گئی اور پھر اس شہر میں ایک کمرشل پروفیشنل ٹھیکہ داروں، وکلاء حضرات، تاجروں، دکانداروں اور متوسط طبقہ ابھر کر سامنے آیا۔ کچھ عرصہ بعد سیالکوٹ میں کھیلوں کا سامان بنانے کا کام شروع ہوا۔ روایت ہے کہ 1870ء میں سیالکوٹ میں مقیم چند انگریزوں کو اپنے ٹینس ریکٹ اور فٹ بال مرمت کرانے کی ضرورت پیش آئی جس کے لئے مقامی بڑھئی اور زین ساز کی خدمات حاصل کی گئیں اور دونوں کاریگروں کو اتنا معاوضہ ملا جوان کی ایک ماہ کی محنت سے بھی زیادہ تھا اور ان دونوں کاریگروں نے کھیلوں کا سامان تیار کرنے کا فیصلہ کیا اور تھوڑے ہی عرصہ میں ان کا کام چل نکلا۔ سیالکوٹ کے لوگ ہنرمندی اور محنت کے لئے مشہور ہیں۔ اس کے علاوہ سیالکوٹ کے گردونواح میں اس صنعت کے لئے لکڑی اور چمڑا کافی مقدار میں موجود تھا۔ اس لئے تھوڑے ہی عرصہ میں سیالکوٹ کھیلوں کا سامان تیار کرنے کا ایک مرکز بن گیا۔ سیالکوٹ کے تیار کردہ ٹینس ریکٹ ومبلڈن ٹورنامنٹ اور فٹ بال ومبلی ٹورنامنٹ میں مشہور ہوئے۔ اس صنعت سے اس شہر میں خوشحالی آئی۔ قیام پاکستان کے بعد مقامی صنعتکاروں نے متحد ہوکر ایک ادارہ پاکستان سپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے نام سے قائم کیا۔ اس ادارے کے عہدیداروں نے کھیلوں کی صنعت سے متعلقہ مشکلات کو حکومت کے ایوانوں تک پہنچانے کا بیڑہ اٹھایا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ چند سالوں کے اندر صنعتکاروں کی انتھک کوششوں سے کھیلوں کے سامان کی برآمدات میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔

سپورٹس انڈسٹری نے اس شہر میں جو ترقی کی ہے وہ ناقابل بیان ہے۔ دنیا کا 60 فیصد فٹ بال یہاں تیار ہوتا ہے۔ سیالکوٹ گوجرانوالہ روڈ، وزیر آباد روڈ، کیپٹل روڈ، پسرور روڈ اور سید پور روڈ پر آپ کو خوبصورت فیکٹریاں نظر آئیں گی۔ جہاں دن رات مختلف مصنوعات تیار کی جاتی ہیں۔

ریلوے لائن

وزیر آباد سیالکوٹ کے درمیان 27 میل لمبی ریل لائن کا افتتاح یکم جنوری 1890ء کو ہوا اور بعد ازاں سیالکوٹ کو جموں سے بذریعہ لائن ملا دیا گیا۔ 1915ء میں سیالکوٹ سے نارووال تک ریلوے لائن شروع ہوگئی۔ ریل گاڑیوں کی آمدورفت سے سیالکوٹ کے کاروبار کو فروغ حاصل ہوا۔

سیالکوٹ سے جموں گاڑی 15 مارچ 1890ء میں چلائی گئی۔ یہ لائن بوجہ تنازع کشمیر آجکل بند ہے۔

سیالکوٹ سے قلعہ سوبھا سنگھ ٹرین 10 نومبر 1915ء کو چلائی گئی۔ آجکل اس کا نام قلعہ احمد آباد ہے۔

قلعہ سوبھا سنگھ سے نارووال تک 10 جنوری 1914ء کو چلائی گئی۔

(تاریخ سیالکوٹ ص 67 تا 69)

تاریخی قلعہ سیالکوٹ

آثار قدیمہ میں قلعہ سیالکوٹ ملکی اور عالمی شہرت کا حامل ہے۔ یہ ایک ایسی تاریخی یادگار ہے جسے تاریخی عظمتوں کا امین بھی کہا جاسکتا ہے۔ مہا بھارت کے بعد دوسری قدیم کتاب جس میں فلسفہ سیالکوٹ کے حالات ملتے ہیں ایک تاریخی تذکرہ باقیات عالم ہے جس کے مطابق یہ قلعہ 5 ہزار سال پرانا ہے۔ مؤلف آثار ہند نے یہ بات واضح کی ہے کہ یہ قلعہ راجہ سل نے ایک متبرک اور مقدس ٹیلے پرانے علاقے کے دفاع کے لئے تعمیر کرایا تھا اس پر بہت سے مندر اور معبد خانے تھے جنہیں قلعہ کی حدود میں شامل کیا گیا تھا آج سے دو ہزار سال پہلے بھی یہاں راجہ پورن کے ساتھ ایک داستان منسوب کی جاتی ہے جس کے مطابق سوتیلی ماں نے راجہ پر جھوٹا الزام لگا کر اس کے ہاتھ کٹوا دیئے تھے اس مقدمے کا فیصلہ ہونے تک پورن جس قید خانے میں قید رہا وہ قلعہ بھی اس جگہ پر ہے جہاں آجکل جناح ہال موجود ہے۔

جموں کا مشہور راجہ سوم دت بھی اس قلعہ پر کافی عرصہ تک قابض رہا۔ 362ء میں ایک گکھڑ سردار راجہ نے اس قلعہ کا محاصرہ کرلیا۔ راجہ رسالو مقابلے کی تاب نہ لاکر قلعہ بند ہو گیا۔ آخرکار شدید جنگ کے بعد راجہ جیت گیا۔ راجہ سوڈی نے راجہ رسالو کی لڑکی سہاون سے شادی کرنے کے بعد یہ قلعہ اور شہر راجہ رسالو کے حوالے کردیا۔ 455ء میں ہٹن قوم کے سردار امیر گل نے سیالکوٹ کو دارالحکومت بنایا۔ قلعہ کا برج اور فصیل از سر نو تعمیر کی گئی۔ 795ء میں یوسف زئی کے سردار نے اس شہر کے ساتھ قلعے کو بھی زیر وزبر کیا۔ محمود غزنوی کے دور میں انند پال نے محمود کے آئے دن کے حملوں سے تنگ آکر سیالکوٹ کو دارالحکومت بنایا۔ جب شہاب الدین غوری تخت نشین ہوا تو اسے گکھڑ قوم کے سردار خسرو ملک نے بے حد پریشان کیا۔ اکبر جب گجرات سے براستہ سیالکوٹ آیا تو ایک جشن عظیم اس قلعے میں منایا گیا۔ اس جشن کی خوشی میں قلعے کے ہاتھی دروازے کا نام اکبری دروازہ رکھا گیا۔ شاہجہان سے لے کر اورنگزیب تک قلعے سے متعلق کوئی خاص واقعہ تاریخ میں نہیں ملتا۔ 1764ء میں جب سکھوں نے

سیالکوٹ پرحملہ کیا تو اس وقت یہاں کا حاکم جیون خان تھا۔ سردار جیون سنگھ اور رنجیت سنگھ کے درمیان خوب جنگ لڑی گئی۔ محاصرہ اور گولہ باری کے بعد قلعہ رنجیت سنگھ کے پرچم تلے آ گیا۔

1839ء میں یہ قلعہ رنجیت سنگھ کے دو لڑکوں کو کشمیرا سنگھ اور پشورا سنگھ کے قبضے میں تھا۔ انہوں نے قلعہ کی مرمت کرائی۔ 1849ء میں انگریزوں نے سیالکوٹ اور اس قلعہ پر قبضہ کرلیا۔ قلعے کو سب سے زیادہ نقصان 1857ء کی جنگ میں پہنچا تمام انگریز اس قلعے میں جمع ہو گئے جن کی تعداد تقریباً ایک ہزار تھی۔

تاریخ میں پہلی مرتبہ انگریزوں نے اس قلعے کی دفاعی حیثیت کو ختم کرکے رفاہ عامہ کے لئے استعمال کرنا شروع کردیا۔ انگریزوں کے عہد میں یہاں تھانہ سٹی، میونسپلٹی دفتر، ڈسٹرکٹ بورڈنگ ہاؤس اور منٹگمری لائبریری کی بنیاد رکھی گئی۔ قلعے کی ہیئت میں اب تک بہت قطع و برید ہوئی ہے۔ مگر تاریخی لحاظ سے یہ قلعہ آج بھی خاص و عام کی توجہ کا مرکز ہے یہ سیالکوٹ شہر کا بلند ترین مقام ہے۔

بعض مؤرخین کے مطابق سیالکوٹ کا یہ عظیم قلعہ دو ہزار سال قبل تعمیر کیا گیا تھا مگر 1181ء میں سلطان شہاب الدین غوری نے اس کی تسخیر کے بعد اس کو ازسرنو تعمیر کیا اور خود ہی اس کا افتتاح کیا۔ اس وقت یہ قلعہ اسلامی طرز تعمیر کا عظیم شاہکار تھا۔

فارسی، یونانی دور

یونانی تاریخی دستاویزات کے مطابق سیالکوٹ کا ذکر 327 ق م کے دور میں ملتا ہے۔ اس وقت سیالکوٹ ساگالا کے نام سے جانا پہچانا جاتا تھا۔ اس شہر کو شہنشاہ یونانی سکندر اعظم کی سلطنت کی سرحدی چوکی ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ اس سلسلے میں ضلع سیالکوٹ میں اس کی کئی یادگاریں دریافت ہوئی ہیں۔

یونانی تاریخ نویس لکھتے ہیں کہ یہ شہر یعنی سیالکوٹ ریشم پیدا کرنے میں مشہور تھا۔...... گندھارا کے علاوہ پنجاب اس لحاظ سے بہت ناموری کما چکا ہے۔ سکالا یا سگالا انڈیا یونان کے مراکز میں سے ایک مرکز تھا۔ (Shun) شن اور (Dall) ڈال دو طاقتور سیالکوٹ کے قبیلے تھے۔

(Wikipedia, the free encyclopedia page 2)

ویدک دور

ویدک اور دوسری دیومالائی تحریرات کے مطابق سیالکوٹ کی بنیاد راجہ سل نے رکھی جو کہ مادرا دیسہ کا بادشاہ تھا۔

ایک برساتی نالہ ''ایک'' (Aik) شہر کے وسط میں سے گزرتا ہے جس کا ہندوؤں کے انپشدوں میں بھی ذکر ملتا ہے۔ پرانے ویدک دور میں (1500-200 ق م) سکالا (یعنی سیالکوٹ) مدراس کا دارالخلافہ تھا۔ یہ شہر دریائے چناب اور دریائے راوی کے درمیان میں واقع ہے۔ اس زمانہ میں اس علاقہ میں گھنا جنگل تھا اور یہاں (YIRS) یرس قوم آباد تھی جو کھیتی باڑی کرتی تھی۔

سکھوں اور انگریزوں کا دور

